زبان اہمیت رکھتی ہے

NYC Health

خبرنامہ صحت

سبھی خبرنامہ صحت دیکھنے کے لیے **nyc.gov/health** ملاحظہ کریں۔
مفت کاپیاں منگانے کے لیے **311** پر کال کریں۔

صحت اور زبان تک رسائی

- محض صحت بخش انداز میں کھانے، ورزش کرنے اور ایک اچھا ڈاکٹر موجود ہونے کے علاوہ بھی بہت ساری چیزوں کا صحت پر اثر پڑتا ہے۔ اپنی پسند کی زبان میں صحت خدمات تک رسائی حاصل کرنے سے بھی ایک صحتمند زندگی کی سمت گامزن ہونے کی آپ کی اہلیت متاثر ہوتی ہے۔
- اپنی پسند کی زبان میں خدمات موصول کرنے کو لسانی رسائی کہا جاتا ہے۔
- لسانی رسائی کے قوانین سے نیو یارک کے تمام باشندوں کو اپنے اختیارات میں اور انہیں درکار مدد، بشمول نگہداشت صحت میں مدد ملتی ہے۔
- نگہداشت صحت تک زیادہ لوگوں کی رسائی ایک زیادہ صحت مند سٹی کی جانب گامزن کرتی ہے۔



نیو یارک کے باشندے 200 سے زیادہ زبانیں بولتے ہیں۔

NYC میں بولی جانے والی سر فہرست تین غیر انگریزی زبانیں ہسپانوی، روسی اور کینٹونیز ہیں۔

آپ کے قانونی حقوق

- نیو یارک کے قریب 4.25 ملین باشندے گھر پر انگریزی کے علاوہ زبان بولتے ہیں اور ان میں سے آدھے سے زیادہ کافی اچھی انگریزی نہیں بولتے یا پڑھتے ہیں۔ اسے انگریزی کی محدود مہارت (limited English proficiency, LEP) کہا جاتا ہے۔
- آپ کے ترک وطن کی حیثیت یا زپ کوڈ سے قطع نظر، آپ کو سٹی کی تمام خدمات اپنی پسند کی زبان میں موصول کرنے کا حق ہے۔
- نیو یارک کے جن باشندوں کو لسانی اعانت درکار ہے وہ نیو یارک سٹی (New York City, NYC) کی سرکاری ایجنسی کے پاس اپنی پسند کی زبان میں خدمات کی درخواست کر سکتے ہیں۔

یہ قوانین آپ کی زبان میں خدمات کے آپ کے حق کا تحفظ کرتے ہیں:

- NYC: لوکل لاء 30
- نیو یارک اسٹیٹ: ایگزیکیٹو آرڈر 26
- امریکی وفاقی حکومت: 1964 کے دیوانی حقوق سے متعلق ایکٹ (Civil Rights Act) کا ٹائٹل VI اور ایگزیکیٹو آرڈر 13166

رکاوٹوں کو ہٹانا

- محکمۂ صحت یا NYC کی کسی سرکاری ایجنسی میں تشریف لانے پر، اپنی پسند کی زبان میں خدمات کی گزارش کریں۔ عملہ آپ کے لیے ایک پیشہ ور ترجمان کو بلا سکتا ہے۔
- آپ NYC کی سرکاری ایجنسیوں میں تشریف آوری کے وقت مفت لسانی خدمات کی درخواست کرنے کے لیے "I speak" والا کارڈ لے کر آ سکتے ہیں۔ **nyc.gov/health** ملاحظہ کریں اور "I speak" کارڈ ڈاؤن لوڈ اور پرنٹ کرنے کے لیے **I speak** (میں بولتا ہوں) تلاش کریں۔ آپ ذیل کا کارڈ بھی کاٹ سکتے ہیں۔

NYC Health

I speak ____________.

Please call an interpreter.

Thank you.

میں بولتا ہوں __________۔ براہ کرم ایک ترجمان کو بلائیں۔ شکریہ۔

خدمات آپ کی زبان میں

محکمۂ صحت کی تمام خدمات بشمول درج ذیل کے لیے لسانی اعانت دستیاب ہے:

- سرکاری ہسپتالوں اور کلینکس (بشمول سیکسوئل ہیلتھ کلینکس، امیونائزیشن کلینکس اور ٹیوبرکلوسس کلینکس) میں نگہداشت صحت
- آپ کے ٹیکے کے ریکارڈوں تک رسائی
- ذہنی صحت سے متعلق فرسٹ ایڈ کی تربیت
- نیبرہوڈ ہیلتھ ایکشن سنٹرز (Neighborhood Health Action Centers) پر چلنے والے پروگرامز
- سند ولادت اور موت کی درخواستیں

اپنی پسند کی زبان میں سٹی کی مزید خدمات پتہ کرنے کے لیے **nyc.gov** ملاحظہ کریں اور **civic services** (تمدنی خدمات) تلاش کریں۔

وسائل

رابطہ کریں

@nychealthy

nychealth

@nychealthy

nychealth

nyc health

مزید جانیں

nyc.gov/health ملاحظہ کریں اور
Language Services (لسانی خدمات) تلاش کریں

تازہ ترین ہیلتھ بلیٹن وصول کریں

ای میل **healthbulletins@health.nyc.gov**

دوسری زبانوں میں اس بلیٹن اور صحت سے متعلق دوسرے ترجمہ کردہ مواد کے لیئے ملاحظہ کریں
nyc.gov/health/pubs اپنی زبان میں خدمات حاصل کرنا آپ کا حق ہے۔ یہ خدمات نیو یارک سٹی محکمہ
صحت کے سبھی دفاتر اور کلینکوں پر مفت دستیاب ہیں۔